## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: سیرت طیبہ (کوڈ 8669) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)

ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1-4)

سوال نمبر1۔ تبلیغِ دین کے ابتدائی مراحل میں دعوت کے نبوی طریقہ کار کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ پہلی وحی کے نزول کا مقام اور کیفیات کی تفصیل لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ نبی کریم ﷺ کے بچپن کے حالات مفصل تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ رسول اللہ ﷺ کے نسب مبارک اور آباؤاجداد کے تعارف پر مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ بعثتِ نبوی سے پہلے اہلِ عرب کی بت پرستی اور غلط عقائد وعادات کا احوال بیان کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر1- ہجرتِ مدینہ میں حائل رکاوٹوں کا ذکر کریں اور بتائیں کہ سفرِ ہجرت کیسے طے ہوا؟ (20)

سوال نمبر2۔ مدینہ کے منافقوں کی طرف سے پیش آنے والے واقعات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ صلح حدیبیہ کی شرائط اور اثرات پر مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف ہرقل کو بھیجے ہوئے خط کا واقعہ مفصل تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ مسلمان فتح مکہ کے لیے کیوں نکلے؟ وجوہات اور نتائج تحریر کریں۔ (20)